PRESS RELEASE پریس ریلیز (also emailed*/faxed separately)

## گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے

## موضوع: " امریکی انتخابات"

## "چھ میں سے حصہ اول"

# پاکستانیوں کی اکثریت (51%) ہیلری کلنٹن (Hillary Clinton) کو ووٹ دیں گے اگر اُنہیں امریکی صدارتی انتخاب میں ووٹ دینا پڑے:

# گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن ،گیلپ پاکستان


اسلام آباد، 21 اکتوبر، 2016

گیلپ پاکستان آئندہ منعقد ہونے والے امریکی صدارتی انتخابات کے سلسلے میں یہ پریس ریلیز جاری کر رہا ہے۔ یہ پریس ریلیز بین الاقوامی سروے سے منسلک ہے جو کہ ون / گیلپ انٹرنیشنل ایسوسی ایشن کی طرف سے دنیا کے 44 ممالک میں (42,860 جوابدہندگان سے ) کیا گیا ہے۔ پاکستان میں کیے گئے سروے جسے گیلپ پاکستان نے منعقد کروایا ہے کے مطابق پاکستانیوں کی اکثریت (51%) ہیلری کلنٹن (Hillary Clinton) کو ووٹ دیں گے اگر اُنہیں امریکی صدارتی انتخابات میں ووٹ دینا پڑے۔

**پاکستان: آپ کسے ووٹ دیں گے؟ 51% پاکستانیوں نے کہا ہیلری کلنٹن (Hillary Clinton)**

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب (1000) مردوخواتین سے یہ سوال پوچھا گیا کہ "**فرض کریں آپ کو امریکی صدارتی انتخابات میں ووٹ دینا پڑے تو آپ کس اُمیدوار کو ووٹ دیں گے ؟**"، اس سوال کے جواب میں 51% جوابدہندگان نے کہا ہیلری کلنٹن کو ووٹ دیں گے، جبکہ 17% افراد نے کہا ڈونلڈ ٹرمپ (Donald Trump) کو ووٹ دیں گے، تاہم 32% افراد نے اپنی رائے کا اظہار نہیں کیا۔ یہ نتائج اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ اگر پاکستانیوں کو امریکی صدارتی انتخابات میں ووٹ دینے کا موقع ملے تو ہیلری کلنٹن (Hillary Clinton) 34% کے مارجن سے جیتیں گی۔

"فرض کریں آپ کو امریکی صدارتی انتخابات میں ووٹ دینا پڑے تو آپ کس اُمیدوار کو ووٹ دیں گے ؟"




*Source: Gallup Pakistan*

*Field work conducted by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*

*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk)*

### مختلف ممالک کے نتائج کا موازنہ:

دنیا کے مختلف ممالک میں سے 43 ممالک میں (41,860 جوابدہندگان سے ) امریکی صدارتی اُمیدوار کے لیے ووٹ کی ترجیح کا اندازہ لگانے کے لیے یہی سوال پوچھا گیا۔

## دنیا بھر میں: آپ کسے ووٹ دیں گے؟ 59% نے کہا ہیلری کلنٹن


دنیا بھر سے 59% افراد کا کہنا ہے کہ وہ ہیلری کلنٹن (Hillary Clinton) کو ووٹ دیں گے، جبکہ 25% افراد کا کہنا ہے کہ وہ ڈونلڈ ٹرمپ (Donald Trump) کو ووٹ دیں گے۔ تاہم 16% افراد نے جواب نہیں دیا۔ یہ نتائج اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ دنیا میں ہیلری کلنٹن (Hillary Clinton) 34% کے ساتھ ڈونلڈ ٹرمپ سے برتری لیں گی۔

## بھارت: آپ کسے ووٹ دیں گے؟ 49% نے کہا ہیلری کلنٹن

بھارت سے 49% افراد کا کہنا ہے کہ وہ ہیلری کلنٹن (Hillary Clinton) کو ووٹ دیں گے، جبکہ 27% افراد کا کہنا ہے کہ وہ ڈونلڈ ٹرمپ (Donald Trump) کو ووٹ دیں گے۔ تاہم 24% افراد نے جواب نہیں دیا۔ یہ نتائج اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ بھارت میں ہیلری کلنٹن (Hillary Clinton) 22% کے ساتھ ڈونلڈ ٹرمپ سے برتری لیں گی۔

بھارت سے پاکستان کا موازنہ کیا جائے تو ہم دیکھتے ہیں کہ ہیلری کلنٹن (Hillary Clinton) دونوں ممالک میں 2% کے ساتھ برتری پر ہیں۔ اس کے برعکس ڈونلڈ ٹرمپ دونوں ممالک میں کم پسند کیے جانے والے اُمیدوار رہے، تاہم پاکستان کی نسبت وہ بھارت میں 2% کے ساتھ برتری پر ہیں۔

"فرض کریں آپ کو امریکی صدارتی انتخابات میں ووٹ دینا پڑے تو آپ کس اُمیدوار کو ووٹ دیں گے؟"





*Source: WIN-GIA Global Poll on US Elections (2016)*
http://www.wingia.com/

## مسلم ممالک: آپ کسے ووٹ دیں گے؟ 56% نے کہا ہیلری کلنٹن

9 مسلم ممالک بشمول افغانستان، آزربائیجان، بنگلہ دیش، مصر، ایران، اُردن، لبنان، پاکستان اور فلسطین 8995 جوابدہندگان سے جب یہ سوال پوچھا گیا تو، 56% افراد کا کہنا ہے کہ وہ ہیلری کلنٹن (Hillary Clinton) کو ووٹ دیں گے، جبکہ 14% افراد کا کہنا ہے کہ وہ ڈونلڈ ٹرمپ (Donald Trump) کو ووٹ دیں گے۔ تاہم 30% افراد نے جواب نہیں دیا۔ یہ نتائج اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ مسلم ممالک میں ہیلری کلنٹن (Hillary Clinton) 42% کے ساتھ ڈونلڈ ٹرمپ سے برتری پر ہیں۔

## غیر مسلم ممالک: آپ کسے ووٹ دیں گے؟ 60% نے کہا ہیلری کلنٹن

36 غیر مسلم ممالک میں جب یہ سوال 33,863 جوابدہندگان سے پوچھا تو، 60% افراد کا کہنا ہے کہ وہ ہیلری کلنٹن (Hillary Clinton) کو ووٹ دیں گے، جبکہ 26% افراد کا کہنا ہے کہ وہ ڈونلڈ ٹرمپ (Donald Trump) کو ووٹ دیں گے۔ تاہم 14% افراد نے جواب نہیں دیا۔ یہ نتائج اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ غیر مسلم ممالک میں ہیلری کلنٹن (Hillary Clinton) 34% کے ساتھ ڈونلڈ ٹرمپ سے برتری پر ہیں۔




*Source: WIN-GIA Global Poll on US Elections (2016)*
([http://www.wingia.com/](http://www.wingia.com/))

گیلپ پاکستان کے ایگزیکٹوڈائریکٹر بلال اعجاز گیلانی مزید کہتے ہیں: ''دنیا عالمی سطح پر منسلک ہورہی ہے، تمام ممالک کے انتخابات کے ساتھ ساتھ خصوصی طور پر عالمی طاقتوں میں ہونے والے انتخابات دیگر ممالک کے لیے اہمیت کے حامل ہیں۔ امریکی انتخابات پاکستان کےلیے اس لیے اہم ہیں کہ یہ دونوں ممالک کے درمیان سفارتی، اقتصادی اور عسکری سطح پر تعلقات کو بالواسطہ طور پر متاثر کرتے ہیں۔ اس وجہ سے یہ سروے آنے والے امریکی صدر کے بارے میں پاکستانی عوام کی رائے پر اہم روشنی ڈالتا ہے جوکہ دیگر ممالک کے ساتھ موازنہ کرنے سے ایک نقطہ معیار فراہم کرتے ہیں''۔

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ پاکستان کی مدد سے کیاگیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی اور شہری آبادی کے 1000مرد و خواتین سے 22 اگست تا 28 اگست 2016 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر تقریباً ±2-3% لگایاگیا ہے۔

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday October 21, 2016**
*(4 Pages including this only Urdu version)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* www.gallup-international.com

Daily Gilani Poll
2016

celebrating 36 years
of Gallup Pakistan
(1980-2016)